انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

نوٹیفیکیشن

بحوالہ مراسلہ نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2026 مورخہ: 10-11-2026 جملہ متعلقین کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ بورڈ ہذا کے زیر اہتمام امتحان میٹرک (نہم پارٹ ون اور دہم پارٹ ٹو/کمپوزٹ، 1st Annual)2027 مورخہ 16 مارچ 2027ء سے شروع ہوگا۔ جس کیلئے بورڈ ہذا میں آن لائن داخلہ فارم مع امتحانی فیس کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

شیڈول برائے آن لائن داخلہ فارم مع فیس

نمبر شمار	شیڈول	ریگولر/پرائیویٹ امیدواران
01	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم آن لائن کرنے کی آخری تاریخ	10-11-2026 تا 11-12-2026
02	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم آن لائن کرنے کی آخری تاریخ	12-12-2026 تا 28-12-2026
03	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم آن لائن کرنے کی آخری تاریخ	29-12-2026 تا 11-01-2027
04	تین گنا فیس اور مبلغ-/200 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم آن لائن کرنے کی آخری تاریخ	12-01-2027 تا 28-02-2027

فیس کی شرح

﴿ریگولر امیدواران کیلئے﴾

گروپ	پارٹ I (نہم)	پارٹ II (دہم)	کمپوزٹ
آرٹس	Rs.750/-	Rs.750/-	Rs.1500/-
سائنس / آرٹس مع عملی امتحان	Rs.800/-	Rs.800/-	Rs.1600/-
درس نظامی	--	--	--
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	--	--	--
سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ)	--	Rs.1100/-	Rs.1100/-
داخلہ فارم پروسیسنگ فیس	Rs.1050/-	Rs.1050/-	Rs.1050/-
ڈیولپمنٹ فنڈ	--	--	--
سکالرشپ فیس	--	--	--
پوسٹل سروس چارجز	--	--	--
CCTV کیمرہ فیس	Rs.30/-	Rs.30/-	Rs.30/-

﴿پرائیویٹ امیدواران کیلئے﴾

پارٹ I (نہم)	پارٹ II (دہم)	کمپوزٹ
Rs.800/-	Rs.800/-	Rs.1600/-
Rs.850/-	Rs.850/-	Rs.1700/-
Rs.800/-	Rs.800/-	Rs.1600/-
Rs.1150/-	--	Rs-1150/-
--	Rs.1100/-	Rs.1100/-
Rs.1050/-	Rs.1050/-	Rs.1050/-
Rs.400/-	Rs.400/-	Rs.400/-
Rs.250/-	Rs.250/-	Rs.250/-
Rs.300/-	Rs.300/-	Rs.300/-
Rs.30/-	Rs.30/-	Rs.30/-

۱۔ پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے تمام پرائیویٹ امیدوران داخلہ فیس اور پروسیسنگ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس مبلغ-/1150 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

۲۔ سند / سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/1100 روپے تمام ریگولر / پرائیویٹ دہم (پارٹ-II) اور کمپوزٹ امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران کو بھی جمع کروانی ہوگی۔ اس کے علاوہ ایڈیشنل مضامین اور مارکس امپروومنٹ کا امتحان دینے والے امیدواران داخلہ فیس مع پروسیسنگ فیس کے ساتھ سند / سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/1100 روپے بھی جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۳۔ دوسرے بورڈ سے NOC لے کر آنے والے تمام پرائیویٹ امیدواران مبلغ-/1150 روپے رجسٹریشن فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۴۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات Creation of Batch کے بعد فیس جمع کروانے سے پہلے اگر Batch ختم (Delete) کرنا چاہیں تو بغیر فیس کے Batch ختم (Delete) کر سکتے ہیں۔ فیس جمع کروانے کے بعد Batch ختم (Delete) نہیں ہو سکے گا۔

۵۔ نئے الحاق شدہ ادارہ جات کو اکیڈمک برانچ کی طرف سے جاری کردہ مراسلہ / ادارہ کوڈ جاری ہونے کے 10 ایام کے اندر اندر اپنے امیدواران کے داخلہ سنگل فیس کے ساتھ آن لائن کرنے کے پابند ہوں گے۔ بصورت دیگر مقررہ تاریخ کے بعد جو بھی فیس کا شیڈول چل رہا ہوگا اُس کے مطابق فیس وصول کی جائیگی۔

۶۔ تمام سرکاری و بورڈ سے الحاق شدہ ادارہ جات بورڈ فیصلہ کے مطابق (نہم و دہم) رزلٹ گزٹ فیس مبلغ-/1000 روپے اور پوسٹل سروسز چارجز فیس مبلغ-/500 جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۷۔ تمام پرائیویٹ اُمیدواران داخلہ فیس کے ساتھ پوسٹل سروسز چارجز کی مد میں مبلغ-/300 روپے، ڈیولپمنٹ فنڈ مبلغ-/400 روپے اور سکالرشپ فیس-/250 فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۸۔ وہ امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ دیگر امیدواران (پرائیویٹ / ریگولر) کی طرح جاری شیڈول کے مطابق امتحانی فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۹۔ بنجاب کے تمام اضلاع کے جیل خانہ جات میں قید تمام قیدی امیدواران کو امتحانی فیس سے استثنیٰ حاصل ہے۔ (یہ رعایت صرف سنگل فیس کے ساتھ حاصل ہوگی۔)

CamScanner

۱۰۔ تمام پرائیویٹ امیدواران اور ریگولر ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ پرائیویٹ داخلہ فارم کے ساتھ اور ریگولر ادارہ جات کے پورٹل سے پرنٹ شدہ چالان پر ہی فیس جمع کروائی جائے۔ الگ سے مینول چالان پر جمع کرائی گئی فیس منسوخ تصور ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی اور نہ ہی ریفنڈ کی جائے گی۔

۱۱۔ ریگولر/پرائیویٹ داخلہ فارم Online کرنے کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk وزٹ کریں۔

۱۲۔ ریگولر ادارے اسکاری الحاق شدہ اور پرائیویٹ اُمیدواران داخلہ آن لائن کرنے کے بعد مطلوبہ فیس (MCB Bank) میں یا آن لائن 1Bill/Invoice میں جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۱۳۔ بورڈ رولز کے مطابق داخلہ فیس کی مد میں جمع کرائی گئی فیس ناقابل واپسی ہے۔

۱۴۔ تمام پرائیویٹ اُمیدواران اور ریگولر ادارہ جات کو یہ ہدایت جاری کی جاتی ہے کہ اگر مقررہ تاریخ گزر جاتی ہے اور فیس جمع نہیں ہوتی ہے تو اپنا داخلہ کینسل/ڈیلیٹ (Cancel/Delete) کر کے نیا داخلہ فارم فیڈ کر کے جو فارم کے ساتھ چالان نکلے اُس چالان پر فیس جمع کرائی جائے۔ مینول چالان پر فیس جمع نہ کرائی جائے۔ الگ سے مینول چالان پر جمع کرائی گئی فیس منسوخ تصور ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی اور نہ ہی ریفنڈ کی جائے گی۔

۱۵۔ داخلہ فارم (Delete) ہونے کے بعد (Delete) شدہ داخلہ فارم کے چالان پر فیس جمع نہ کرائی جائے۔ ایسے داخلہ فارم کے چالان پر جمع کرائی گئی فیس منسوخ تصور ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی اور نہ ہی ریفنڈ کی جائے گی۔

۱۶۔ پرائیویٹ اُمیدواران داخلہ فارم فیڈ کرنے کے بعد اپنے امتحانی مرکز کے Zone کے مطابق ادارہ جات سے داخلہ فارم تصدیق کرانے کے بعد فیس چالان جو کہ فارم کے ساتھ نکلے اُسی چالان پر فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے مینول چالان کی فیس قابل قبول نہ ہوگی اور نہ ہی ایڈجسٹ کی جائے گی اور نہ ہی ریفنڈ کی جائے گی۔ داخلہ فارم کی Hardcopy بورڈ ہذا میں جمع کرانے کی ضرورت نہ ہے۔ اُمیدوار HardCopy اپنے ریکارڈ کے لیے پرنٹ کر کے لازماً محفوظ کرے۔

۱۷۔ ریگولر ادارہ جات/پرائیویٹ اُمیدواران کے لیے واضح ہدایت ہے کہ جاری شدہ فیس شیڈول کے بعد کسی بھی اُمیدوار کا داخلہ قابل قبول نہ ہوگا۔

۱۸۔ ریگولر ادارے اسکاری الحاق شدہ اپنے اُمیدواران کے ایڈمیشن آن لائن کرنے اور فیس جمع کرنے کے بعد ایڈمیشن فارم کٹ لسٹ (Cut List) بورڈ میں جمع کرانے کی ضرورت نہ ہے۔ آن لائن کیے گے فارم فائنل تصور کیے جائیں گے۔ ادارہ جات داخلہ فارم کٹ لسٹ (Cut List) کی ہارڈ کاپی ریکارڈ کے طور پر اپنے پاس لازماً محفوظ رکھیں۔

۱۹۔ دورانِ سکروٹنی امیدوار کا داخلہ بورڈ رولز کے متضاد ہوا تو امیدوار ارزلٹ بورڈ قوانین کے تحت بورڈ منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا اور فیس ناقابل واپسی ہوگی۔

سیکرٹری

نمبر: M.S./82/2027

مورخہ: 16-11-2026

کاپی برائے اطلاع:-

1. چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی۔
2. راولپنڈی بورڈ کی حدود میں واقع منظور شدہ ہائی و ہائیر سیکنڈری سکولوں کے سربراہان کے نام۔
3. پی۔آر۔او بورڈ ہذا۔ (برائے اشاعت اخبارات و برائے ویب سائٹ)
4. تمام افسران بورڈ ہذا/داخلی تقسیم۔
5. ویب ڈویلپر کمپیوٹر سیل، بورڈ ہذا
6. آئی جی جیل خانہ جات
7. منیجر (MCB) بینک چاندنی چوک راولپنڈی

اسسٹنٹ سیکرٹری (میٹنگز)
برائے سیکرٹری

CamScanner